اسی جا بیکسی مین چھوڑ جاؤ
جدا کر لی دمن کی نصف چادر
کہ دلبر سے جدا عاشق ہوا ہی
اوٹھی یان خواب سے وہ پاکدامان
کہ اوس گل کا نہین بالکل پتا ہے
چلی وہ رشک لیلی مضطرب ہو
نہ دیکھا اپنے مجنونکو کسی جا
لگی کرنے تصور مین شکایت
فقط آرام پر اپنے نظر کی

اگرچہ نل عجب تھا مرد ہشیار
کہا اکدن دمن سے کہ اے مرے جان
گل و خورشید کے مانند یا ماہ
نہین ہی غم کے دریا سے کنارہ
مگر اپنے تئین برباد ناحق
اگر دنیا مین مین جیتا رہونگا
کرونگی مین وفا کی حق گزاری
کہین عاشق کو ہوتی ہی صبوری
جہان جسکا صنم رونق فزا ہو
اوسیکا دوستی مین نیک ہے نام
رہے ہی جب تلک اقبال یاور
غرض جب اوس پری کی عقل کھو دی
گئے دن جب کئی ایسین گذار کر
کہ ہر یہ نازنین اس نازک اندام
اکیلی ہو گئی جب صحرا کے اندر
اوسی سے بس تن عریان چھپایا
مگر یہ ظلم ہی دور فلک کا
جدا پایا یار کو جسوقت باہم
کدھر جاؤن کدھر ڈھونڈھون نشان اب
نہ کوئی اس جگہ پر آشنا ہی
جدھر وحشی کی صورت پھرتی رو
کہ کیا وحشت تری دلمین سمائی
نہ لایا رحم میری بیکسی پر

رہے تو رات دن غمخوار میرا
نہین ہرگز کسی کا آشنا ہی
ہوا جیسے مگر سودے کا آزار
پھر لگی کب تک صحرا مین حیران
نہ سرگردان رہے تو میرے ہمراہ
ابھی ہی دور تک اسکا کنارہ
بنی دنیا سے کیون آزاد ناحق
تو اکدن پھر خوشی سے آملونگا
نہین ہی چھوڑ جانا شرط یاری
کوئی دلدار سے جا ہی دور جی
وہین اوسکا مقام دلکشا ہو
جو آدمی بیکسی مین یار کے کام
جھکاتی ہین سبھی تسلیم کو سر
گئی دل سے نکل شورش جنون کی
ہوا پیدا اوسے سوز جگر اور
نہین پاتی ہی میری ساتھ آرام
یقین وحشت سے یا آدیگا بندر
صنم سے اکو عنقا بنایا
کہ دو دل کو نہین رکھتا ہی یکجا
رہی آئینہ سان حیرتمین ہمدم
خدا جانے گیا ہی وہ کہان اب
نہ اوسکا راستی مین نقش پا ہی
نظر پڑتے تھے شیر و گرگ و آہو
جو کی اکبار گی مجسے جدائی
بجا اپنا گیا کہنا سراسر

بیان

جہاں میں عشق آگے سے ہوا ہے
کسی نے بھی نہیں ایسا کیا ہے

کہاں کی دشمنی مجھ سے نکالی
جو خاطر سے بالکل اوٹھالی

کہاں مارا تھا اس قزاق نے ہاتھ
نچھوڑونگا دم آخر تلک ساتھ

مثل کہتے ہیں یہ استاد کامل
کہ دیوانہ بکار خویش عاقل

دہن کو نرم و نازک بسکہ پایا
دہن تک دم سے اپنے کھینچ لایا

کہ اوس ساعت مسافر ایک ناگاہ
چلا جاتا تھا منزل میں سرراہ

ہو ونجکر تیز دستی سے غضبناک
کیا خنجر سے دشمن کا جگر چاک

ہو چھوٹی وہ پری کام بلا سے
رہی بیتاب اوس دم درد پا سے

گھڑی اک میں جو اندک ہوش آیا
قدم آہستگی سے پھر اوٹھایا

رہا پھر زندگی کا دردسر روز
پھرونگی کب تلک بیتاب ہر روز

خدا جانے کہاں وہ سنگدل ہے
نہاں کس تنگدل کے متصل ہے

اگر ہوتی اوسے اندک مری چاہ
نکرتا ترک الفت کی مری راہ

اسی تجویز میں پھرتی تھی حیران
ملے کوئی جو اس صحرا میں حیوان

پھری چاروں طرف از بسکہ بیباک
رہی سب آفتوں کی قید سے پاک

نظر کرتے ہزاروں گرگ آئے
مگر بھاگے سب اوس سے دم چھپائے

نہ جیتا ہی اوٹھا کوئی ادھر سے
پڑے عاجز تھی سب گویا کمر سے

جہاں تک تھی وہاں میل پر زور
ہوئے اوس ناتواں کے واسطے سو

کہ بخشا کیوں مجھے اوس نے ہے ہائے
نہ روکا اوس گھڑی تقدیر نے ہائے

مرے سینے سے تو اے دل نکل جا
نرکھ اس قالب غمناک میں جا

اسی حالت میں وہ روتی بارے
گئی بیتاب دریا کے کنارے

نہیں پانی سے ہوتا تھا قدم تر
حباب آسا سبک جاتی تھی خوشتر

کوئی دن میں تجھے ملتا ہے آرام
گئے ہیں اب گذر گردش کے ایام

اشارہ کر گئے اوس سیمبر سے
ہوئے غایب یکایک پھر نظر سے

کہا یارب میں ہوں حیران سراسر
اسے میں خواب سمجھوں یا تصور

برنگ موج دریا فوج ایکبار
ہوئی چاروں طرف سے بس نمودار

تجھے واجب نہ تھا جانا دغا سے
خبر کرنا تھا کچھ راہ وفا سے

گیا تو ہی صنم سے ہو کے آزاد
کیا سب عشق کا ناموس برباد

کہاں اس طور سے کر بے ادائی
گیا سب بھول رسم آشنائی

کہ رستے میں کسی جا پر قضا کار
پڑا تھا اژدہا اک مردم آزار

اگرچہ آسمان کھیلا تھا بازی
چلی لیکن نہ اوسکی فتنہ سازی

دہن پر ظلم دیکھا اوس نے جس دم
ہوا اکبارگی غصے سے برہم

لیا پھر آخرش کاٹے سے دہن کو
رہائی اوس نے دی لیکن دہن کو

اثر جو کر گیا تھا زہر تن میں
ہوا تھا خستگی سے سارا بدن میں

کہا یہ چرخ کج رفتار ہی ہے
نہیں معلوم اب کس فکر میں ہے

کروں کب تک غم ہجر اس سے ہر سو
بساں فاختہ فریاد کوکو

نہاں کس شمع رو سے دل لگایا
کہ اب تک بھی وہ بے پروانہ آیا

غرض اس طور سے مایوس ہو کر
گیا اکدن گذر صحرا کے اندر

کھڑی ہو بیدھڑک اوسکے مقابل
کروں اس زندگی سے مرگ حاصل

نہ ٹھہرا سامنے بھی شیر غریں
چھپائے دیکھ اوسکو ناخن کیں

پھری سب آہوؤں نے چوکڑی دور
یکایک ہوگئے دہشت سے کافور

کسی کا چل سکا اوس پر نہ کچھ زور
ہر اک مرد کی صورت بنگئی گور

بر آیا جب نہ یہ مطلب وہاں سے
ہوئی پھر ہمنفس آہ و فغاں سے

چہ خوش بودی اگر باد نژادے
بیارے خبر یار از ہر دو

نہ تو اب در پے آزار جاں ہو
خدا کے واسطے باہر رواں ہو

کیا جو شور نے اوسکے اثر کچھ
فرشتے نے پڑے اوسکو نظر کچھ

دہن کو دوری دی یہ بشارت
کہ مت رکھ اب تپ غم سے حرارت

عبث غمگیں تری ہر دم صدا ہے
کہ مالک ہے تو اون کا خدا ہے

دہن اس ماجرے کو دیکھکر آن
رہی تصویر سی یکبار حیران

کھڑی تھی اس تصور میں کہ ناگاہ
کیا لشکر نے رخ سارا گذرگاہ

جو دیکھی یہ بلائے ناگہانی
جگر اوسکا ہوا دہشت سے پانی

اوسی دم زندگی سے ہاتھ دھوکر
خبر یہ جو خبر دارون نے پائی
اوسی ساعت بہت کوشش سے پاکے
وطن رکھتی ہے اپنا کس مکان مین
تجھے ای گل نہین اسجا سے نسبت
چلے تو اب ہمارے شاہ کی پاس
تجھے جسوقت دیکھے گی نظر سے
وطن کو اپنے پہونچے گی وہان سے
بجا جب صبح دم پھر کوس شاہی
سر راہ ایک منزل مین قضا را
ہوے اسطور سے مائل ستم پر
پری پر بھی نہ کچھ آسیب آیا
شتابی سے قدم آگے اوٹھا کر
گئے جب سامنے اسکے پریشان
رہا کچھ دیر حیرت مین کہ یا رب
پریشان زلف سا دیکھا جو اوسکو
بتا مجھ سے نکر اس بات کا ننگ
دمن نے دیکھ اوسکی مہربانی
تری یہ خضر نے کی رہنمائی
مری ہمشکل تیرے ایک دختر
پھرے ہے تنگ جسکی آرزو مین
یہ کہکر پھر نہایت چست و ہشیار
اسی صورت سے بانو بھی اوسکو

گری اکبارگی دریا کے اندر
نہایت سنکے رقت اوسکو آئی
اوٹھا کر ہاتھ مین لایا کنارے
ولایت مین ہے یا ہندوستان مین
کہ دیوانیکو ہے صحرا سے نسبت
کہ ہے منظور اوسکو خلق کا پاس
نہین سمجھی کہ کم لخت جگر سے
نہین غربت ہوا حاصل یہان سے
ہوا لشکر پھر اک جانب کو راہی
ہوا در پیش جنگل ہاتھیونکا
کہ یکسر کردیا پامال لشکر
خدا کے رحم نے اوسکو بچایا
نکل صحرا سے آبادی مین آئی
ہوا آنکھون سے اپنے گوہر افشان
کوئین سے کب یہ نکلا ماہ نخشب
لگا وہ پوچھنے بس مہربان ہو
بہت ظاہر ہے تیری حالت تنگ
سنایا حال اپنا کچھ زبانی
سلامت جو یہان صحرا سے آئی
وہ سن مین عمر مین قد مین برابر
کرونگا پیروی مین جستجو مین
مقرر اوسکی کردی اک پرستار
جگہ دی دل مین انکے مہربان ہو

قضارا تھا جو اوس لشکر مین سردار
بنا اوس بت کے خاطر ناخداوند
کہا اے ماہ کیا ہے نام تیرا
اکیلی گھر سے کیون صحرا مین آئی
تری خاطر ہمارا سیر چمن ہے
محل مین اوسکے رہتی ہے جو بانو
رہے کسواسطے ماتم سرا مین
غرض اس گفتگو مین رات تک وان
دمن بھی اوس جگہ سے کھینچکر آہ
اونھون نے بو جو اوس لشکر کی پائی
نہین چھوڑا سلامت اونکے اک تن
غرض لیکر دمن کو وہ برہمن
اونھونکا جو وہان فرمانروا تھا
نگہ رحمت سے کی جسدم سمجھ پھر
سمجھکر اوس پری کی قدر برتر
کہ کیا تجھپر پڑی ایسی تباہی
نہان رکھتی ہے اپنا حال پُر درد
کہا پھر اوسنے کاہے شمع دل افروز
رہ اب دولت سرا مین شاد و خرم
اوسی سے ہم سخن رہنا شب و روز
اکیلی اب نہ رکھ باہر قدم تو
کہ اس سے مرادن خدمت لیا کر
پلا ساقی شراب عیش پیہم

ہوا کیا بیکسی مین اوس جگہ یار
ہوا دریا مین یعنی آشنا وہ
لب دریا پہ کیا تھا کام تیرا
یہ کسکے واسطے گردش اوٹھائی
جہان غنچہ ہے گل ہے یاسمن ہے
بہت ہے نیک سیرت اور نکو خو
کرے آرام قصر دلکشا مین
رہا آئین اونکے عہد و پیمان
چلی ناچار ہو لشکر کے ہمراہ
یہ پہونچکر بے طرح آفت مچائی
رہے باقی فقط تھوڑے برہمن
ہوے آگے وہانسے پھر قدم زن
عجب دریا دل و مہر آشنا تھا
نظر آئی اوسے وہ ماہ پیکر
بٹھایا تخت کے اپنے برابر
ہوئی تنہا جو اپنے گھر سے راہی
ہوئی ہے کیون برنگ کہربا زرد
ہوا معلوم سب تیرا مجھے سوز
نہ سمجھونگا تجھے فرزند سے کم
اوسی سے حال دل کہنا شب و روز
اوٹھا سر پہ نہ پھر بار الم تو
سدا آرام مین کوشش کیا کر
کرے جو غم تراشی دل کی ہر دم

آوارگی نل بسیاہ بختی و سیاہ فام گشتن از گزیدن مار و رفتن بولایت رتبرن از اشارہ اش

کہون کیا نل کی اب بیتابی دل
انہی کیا کیا سفر مین رنج حاصل

اوٹھاتا دونکو آہونکے شرارے
گنا کرتا تھا راتونکو ستارے

اوٹھایا سب خلل اپنی خطا سے
کہ بیگانہ ہوا مین آشنا سے

اسی تقریر سے ہر وقت کہتا
کف افسوس کو مل مل کے رہتا

برنگ کوہکن صحرا مین ہر دم
جگر پر مارتا تھا تیشۂ غم

کبھی پھر برق سی آتش اوٹھا کر
کرے تھا خاک صحرا کو جلا کر

بہت سے دن جب یونہین گذرے سفر مین
بیابان ایک پھر آیا نظر مین

اوٹھی اکبارگی آواز وان سے
نہایت آشنائی کی زبان سے

صدا اسطور سے جسوقت آئی
تسلی اسکی اوسنے آ کے پائی

مگر اک ماجرا تھا اس طرح پر
کہ تھا وہ مثل دود آتش کے اندر

لگا نرمی سے کہنے کہ ای وفادار
کروں کیا مین مصیبت اپنی اظہار

پڑا ہون اسجگہ مین کل سے بیکل
بدن ہوتا ہے بالکل خاک جل جل

جو ہو بہر خدا کچھ رحم تجھکو
نکال اس آتش سوزان سے مجکو

کہا نل نے ترا قالب گران ہے
مجھے ایسی کہان تاب و توان ہے

یہ سنتے ہی اوسیدم وہ سیہ مار
ہوا انگشت کے مانند اکبار

زبس ظاہر مین تھا وہ کج ادا بس
فسون پڑھ کر بیکبار نل ہوا بس

شمار اب ایک سے دس تک ڈرا کر
مجھے پھر چھوڑ دی رستے کے اوپر

کیا معنی پہ اوسکے کچھ نہین غور
ہوا بس مستعد گننے پہ فی الفور

اوسیدم زہر سے وہ سیم اندام
ہوا نل مثل محک بالکل سیہ فام

کہا رو کر کہ ای بد قول و عیار
ترا آگے سے تھا کیا مین گنہگار

برا ہے یہ ترے حق مین ستانا
مناسب تھا جلے کو کیا جلانا

نہین کالے کو اپنا یار جانے
ہمیشہ دشمن خونخوار جانے

رہے ہین بات دن مائل کجی پر
نہین آتے ہمین اکدم راستی پر

جو دیکھا اسطرح سے اوسکو بیکل
کہا اوسنے نہو بے صبر اے نل

سیاہی سے ہو چندان ہراسان
کہ ہے ظلمات ہی مین آب حیوان

جو توڑا تھا صنم سے عہد و پیمان
نہایت دل مین رہتا تھا پشیمان

ملے ہر وقت بس افسوس سے ہاتھ
کہ ناحق مینے چھوڑا یار کا ساتھ

نہین معلوم تھی وہ کونسی رات
جو سوجھی مجکو یہ تدبیر ہیہات

برہنہ پا بیابان در بیابان
پھرا کرتا تھا مجنون سا پریشان

کبھی یون ابر سا آنسو بہاتا
کہ صحرا کے تئین دریا بناتا

اسی صورت سے پھرتا وہ دن رات
کبھی گرمی کبھی کرتا تھا برسات

طپش پڑتی تھی اس ڈھب سے وہان پر
کہ تھا گرمی مین وہ دوزخ سے بدتر

کہ ای نل بے تکلف اسطرف آ
مجھے بے سلسلہ کر قید اپنا

کیا آگے قدم سے جون قدم جا
نظر آیا غضب اک مار خونخوار

تڑپتا تھا پڑا بیتاب اوسدم
طپش سے کھا رہا تھا پیچ بہم

کہ کل کاٹا تھا اپنے برہمن کو
ملی ایذا اوسی سے یہ بدنکو

نہین ہے آپ سے ممکن نکلنا
قدم اک بھی ہوا مشکل سے چلنا

نہوگی گر عنایت مجھپہ تیری
رہے گی پھر نہ باقی خاک میری

اوٹھاؤن کسطرح سے یہ گرانبار
بہت اسواسطے ہے زور درکار

غرض حالت پہ اوسکی رحم لا کر
لیا رکھ ہاتھ مین نل نے اوٹھا کر

کہا پھر اسطرح نل سے کہ ای جان
بہت تو نے کیا ہے مجھپر احسان

رہا نل باز اوس حرکت سے اوسنے
ہوا واقف نہ کچھ اوسکے فسون سے

رہا پر نو سے جون وہ اسکو لایا
یکایک اوس بلا نے کاٹ کھایا

جو پایا اوسنے یہ کالے سے آزار
ہوا آنکھون مین اوسکی دن شب تار

نہوئی تھی کونسی مجھسے برائی
عوض جسکے سیہ بختی دکھائی

اگرچہ تھی مثل آگے سے مشہور
ہوا پر یاد سے اوسکی مین مجبور

زبس یہ کج طریق اور کج ادا ہین
نہین مطلق کسیکے آشنا ہین

گیا افسوس نیکی کا زمانہ
بدی کا رہگیا سب کارخانہ

نہین مینے بھی کی تجھسے برائی
اسی مین ہے تری آخر بھلائی

نکر بے فائدہ خاطر کو برہم
عبث رکھتا ہے تو کافور کا غم

کیا مینے یہ سب حکم خدا سے
نہ ہرگز سمجھیو اسکو دغا سے

توکل پر ذرا مضبوط رکھ دل
اسی پر وہین مقصد ہوگا حاصل

پھرا کرتا ہے تو غفلت سے اسطور
عدو ہین دشمنی سے بر سر جور

مبدل مینے اس سے کردیا رنگ
نہ پہچانے کوئی جسمین ترا رنگ

فسون کرنا اوسیدم ہوا بر
مین آونگا پری کی شکل بنکر

کرے مشہور باہک آجسے نام
برآئیگا ترا اس نام سے کام

نکلتی ہے بدن سے تیرے ہر سال
اسے رکھ پاس اپنے ہوکے خوشحال

جدا کر آگ مین اندک جلانا
بدن کا پیرہن باقی بنانا

کہ ہے مشہور وہ عادل نہایت
کرے ہے بیکسونپر بس عنایت

ترے حق مین ہے صحبت اوسکی اکسیر
نکر بہر خدا جانے مین تاخیر

کسی دن تک جو کی کوشش نہایت
ملی رت برنکی بارے ولایت

جہان تھے قاعدے سب اوسکے بہتر
وہان اک طور تھا یہ بھی مقرر

سراپا دیکھکر احوال اوسکا
کرے تھے عرض رت برنسے سب جا

کہ آیا ہے مسافر اک عجب آج
خجل ہو جسکے رنگت سے شب داج

اونھونے سنکے یون رت برن اظہار
لگا کہنے کہ ہے وہ کوئی سردار

غرض نل کو سمجھکر اونسے بیکس
بلایا جلد اپنے روبرو بس

وطن سے کسلیئے خاطر اوٹھائی
یہان کسکی محبت کھینچ لائی

کہا نل نے کہ اے سردار عالم
کرون کیا عرض اپنا حال برہم

اگرچہ ہون کئی فنمین مین اُستاد
مگر سب مین ہنر اک خوب ہے یاد

کرون ظاہر کہ اتنا اوسمین دم ہو
روش اسڈھب کی اور ایسا قدم ہو

جہانتک ہمنشین تھے یار دمساز
کیا خوش ہوکے ہر اک کو سرفراز

جدائی سے ہمیشہ تھا یہ مشغول
کہ دنکو کام مین رہتا تھا مشغول

گذرتی سخت اوسکی تھین یہ دن رات
گران بیمار کو گذرے ہے جون رات

ہان تھے نل کے جو غمخوار دوچار
سدا رہتے تھے حیرت مین گرفتار

تو اونسے نل سے پوچھا اکی کا یار
رہا کرتا ہے کیون اتو نکو بیدار

تجھے کچھ قدرت حق کی خبر ہے
شب تاریک کو آخر سحر ہے

سراپا جانتا ہون مین ترا احوال
کہ رد گردان ہوا ہے تجسے اقبال

بغل مین خنجر کین سب چھپائے
کھڑے ہین گھات مین لگائے

کرے جب اختر اقبال یاری
میسر ہو فلک سے کامگاری

کرونگا بس تجھے رشک چمن پھر
بتاونگا نقشے کو سمن پھر

یہ کیچل ہے قبا جو میرے تن کی
سراپا روشنی رکھتی ہے من کی

یہ کیچل ہے قبا جو میرے تن کی
سراپا روشنی رکھتی ہے من کی

یہانسے اب اسیدم ہو سبکپا
شتابان مالک رت برنکے جا

عجب ہے یاد اوسکو سحر سازی
کہ لیجائے فلک سے صاف بازی

سنا نل نے جو اوس سے یہ فسانہ
ہوا خوش ہوکے آگے بس روانہ

عجب خوبی کا دیکھا شہر آباد
کہ دل بس دیکھتے ہی ہوگیا شاد

کہ باہر سے مسافر جو سر شام
کرے تھا وان سراہون کی آرام

خبردارون نے اوسکو دیکھ فی الفور
خبر کی راجہ کی خدمتمین اسطور

سیاہی گرچہ ہے زنگی کی مشہور
مگر تمثیل دنیا اوس سے ہے دور

بدن ہے جو سیاہ اوسکا سراپا
یہ ہے سب ظلم چرخ نیلگونکا

کہا اے نیک سیرت کیا ترا نام
ہوا غربت سے کیون ہمصورت شام

شرف کس بات مین رکھتا ہے کامل
کیا ہے کس ہنر سے فیض حاصل

وطن سے کچھ نہین رکھتا ہون کام
گدا ہون بیکس اور باہک ہے مرا نام

کہ گھوڑے مین ہنر یا عیب جو ہو
نظر مین اپنی کرلیتا ہون اوسکو

ہنر رت برن کو جب یہ سنایا
بہت نل کو غنیمت اوسنے پایا

سفر کے بار سے گردن سبک کر
ہوا بارے فروکش نل وہان پر

پھر اسکے بعد ہوتی تھی جہان شام
رہا کرتا تھا غمگین بے دلارام

گیا اوس سیمتن کے غم مین سونا
سحر تک شمع کے مانند رونا

کئی شب ایک نے دیکھا جو یہ طور
بہت پیدا ہوا دل مین اوسے غور

یہ ہے کس مہ جبین کی انتظاری
جو کرتا ہے سدا اختر شماری

کہا تو در گذر اس ماجرا سے
مگر تو نے جو پوچھا ہے کرم سے
نہ بس یہ چرخ ہے بیمہر و خودکام
عجب اک یہ دزن نیرنگی یہ آیا
اوسیکا دھیان جب آتا ہی مجکو
پلا پھر ساقیا صہبای گلرنگ
اوٹھی افسوس کی آواز ہر سو
گئی جسدن خبر بندر مین اسطور
دمن کے باپ نے جسدن سنا حال
نہ رکھتا تاب جو سودا سے سروکار
دمن کا حال کیا ابتر ہوا ہو
نہ دیکھا تھا مہرو خور نے جیسے آہ
رہا افسوس مین کچھ دم اسی طور
طلب کرکے سدیوا برہمن کو
جو لا دیگا خبر اوسکی سفر سے
چلے اوس گلبدن کے شوقمین یون
کوئی کرتا تھا صحرا مین تگا پو
پڑا آخر گذر اوسکا وہان پر
بنے تھے طرفہ تر ایسے مکانات
عجب خوشرنگ تھا چوپڑ کا بازار
وہ تھے آب صفا سے بھری جا بجا
غرض وہ شہر تھا دلچسپ و مقبول
مبارک وقت تھا اوس روز لیکن
دلا جانے لگا اوسطرف کان
ہر سمت سے گئی آواز سنکر

کہ یہ امراض ہین باہر دوا سے
خبر کرتا ہون اپنے درد و غم سے

طبیبونکو نہین اتنا ہی مقدور
کہ تھی ہمراہ میرے اک پریرو

حکایت برہمنان در جستجوے دمن و باز آمدن در شہر بندر بہ خانہ خود

کہ دل ہی کلی سی آج گل تنگ
نکل آئے سبھو نکلے شگلے آنسو
اوٹھا ہر اک طرف سے نالہ و شور
ہوا غم سے بہت اوسکا برا حال
نہ ہوتا گرم رسوائی کا بازار
اکیلی کس بلا مین مبتلا ہو
پھرایا اوسکو گردون نے سر راہ
کیا پھر بعد اسکے جی مین یہ غور
جو تھا پہچاننے والا دمن کو
کرونگا اوسکو مالا مال زر سے
کرے باد صبا غم چمن جون
ملے جسمین وہ رشک چشم آہو
جہان تھی جلوہ گر وہ نیک اختر
کہ آئی تھی نظر سیر طلسمات
کہ تھا ہر رنگ آگے جسکے گلزار
جنہونکی چشمہ حیوان کو تھی چاہ
گیا اوسکو سفر کا رنج سب بھول
کہ تھے سب دو عورت وانپہ یکجا
بھری تھے گوہر معنی سے سب کان
گیا نزدیک محفل کے سبک تر

گئے ہر شہر مین اسکے جب اغیار
جہان پر بیٹھتے دو شخص اکجا
پریشان حال سن نل اور دمن کا
کہا رو رو کے یون سوزدرد لنے
نہین معلوم وہ بیسر و سامان
اوٹھاتا ہون سفر مین کیا الم ہا
میسر تھا جسے حلوای تر روز
کہ بھولے پھر نہ رستے میں کبھی رنگ
کہا جلدی ابھی تیار ہو کر
گیا اس ننگ سے جب عدہ زر
کوئی تھا کوہسار و نیز نظر ساز
اونہونمین ایک تھا ازبس سبک گام
عجب انداز کی وہ سرزمین تھی
لگا تھا سنگ مرمر سی جس مکان پر
کہین آئینے تھے روشن سراسر
عجایب باغ سب رشک ارم تھی
جو کی ہر طرف کو یہ سیر بازار
برہمن سیکڑون ناہید ثانی
زبان پر مہر خاموشی کی ماری
صنم کا سکہ رہتا تھا اوسکے درمیان

یکایک جمع دوا سے کر سکین دور
شفیق و ہمدم و غمخوار و دلجو
نہین بھاتا کسیکا اسکو آرام
کہ ناحق ساتھ اوس گل کا چھڑایا
نہین کچھ خواب و خور بھاتا ہی مجکو
کہ آیا نل پہ اس صورت کا ادبار
نکرتے اس سوا کچھ اور چرچا
جگر شق ہو گیا ہر مرد و زن کا
کہ بھولا ہے یہ گل نخل جہان سے
کہان ہو اب بیابان مین پریشان
کہ تھا جون میل اسکو یکقدم ہا
کھلاتا ہی اوسے خون جگر روز
سفر مین آفتین ہوتی ہین بالکل
کمر باندھو دمن کی جستجو پر
ہوے مانند گل شاداب یکسر
کہ ہی وہ کبک کس جا جلوہ پرداز
کہ کہتے تھے سہ بوا اوسکا سب نام
کہ خوبی سی نہایت دلنشین تھی
تجلی طور کی ظاہر تھی وانپر
کسی جا خوشنما تھا سنگ مرمر
نہین کچھ روضۂ رضوان سے کم تھی
ہوا اک تبکدہ آخر نمودار
سراسر کر رہے تھے بیدخوائی
دمن بھی سن رہی تھی اک کناری
لیا غیرو نمین اپنی ست کو پہچان

ہوئی ہمچشم وہ جو برہمن سے
بتا ماں باپ کی مجھکو خبر اب
کہا سب ہین تیری فرقت مین حیران
ہوئی سیری بہا تک جو رسائی
نہایت برق سی کر بیقراری
یکایک سنکے اوسکا نالہ و آہ
برنگ شمع روتی ہی کھڑی زار
دمن کو بیقراری سے بلا یا
ترے غمسے نہایت غم مجھے ہے
نہین رازِ درون باہر نکالا
کہا اے زناردار نیک کردار
برہمن نے جو راز دل چھپایا نا
کیا حسب و نسب سے جب خبردار
مری خواہر کی دختر ہو تو ایاہ
دمن یہ حال سنتے ہی چمٹکر
لگی رونے اور کہا گھر مین دمن کو
پریشان ہجر سے مان باپ و نرات
پلا ساقی شراب ناب مجھکو

اوٹھا بس جوش الفت کا بدنسے
کہ جلتا ہی تپ غم سے جگر اب
لبونپر آرہی ہی درد سی جان
ترے اقبال نے کی ہمنوائی
ہوئی آنسو لسے ابر نو بہاری
کیا بانو کو اوسنے جا کے آگاہ
نہین کچھ سوز دل کرتی ہی اظہار
تسلی دے کے زانو پر بٹھایا
بتا سچ کیا الم اسدم تجھے ہے
چھپا کر اور ہی باتو نہین ٹالا
دلاتی ہون تجھے سوگند زنار
نہ وا جب اوس نکو سیرت سے چارا
اوٹھا بانو کے دلسے جوش اک بار
بتایا کیون نہ مجھسے آجتک آہ
بہت رونی گلے اوسکے لپٹکر
کیا عزت سے پھر رخصت وطن کو
کیا کرتے تھے وہ مہمات ہیہات
اگر فرقت کی نہین ہی تاب مجھکو

کہا کیا ہی سدیوا حال تیرا
مرے غمسے اونھونپر کیا ہوا ہے
تری اس جستجو مین بے سرو پا
سنایا حال جب برہمن نے
وہان پر اتفاقاً ایک محرم
کہ اسدم دیکھکر اک برہمن کو
کہی جسوقت اوسنے یہ حکایت
کہا انکھونسے تیری ای پریرو
اسی صورت سے کی ہر چند تکرار
نیا پایے جب نشان اوسنے دمن سے
حقیقت جو کہ ہو وے اسجگہ راست
اوسیدم کھولکر دفتر سخن کا
کہا رو رو دمن سے کا ی دل افروز
سمجھکر اس قیاقت سے مجھے دور
لگا سینے سے پھر بانو نے اوسکو
ہوئی ہندہ مین جسدن اکی داخل
ہوئی اونکو یہ حاصل شادمانی
نہ جی لگتا ہی بے گلرو چمن مین

ملا تجھکو کہانسے کھوج میرا
کہان رہتے ہین اور احوال کیا ہے
پھرے ہے قافلہ صحرا بصحرا
دکھایا سوز اپنا بھی دمن نے
کہ تھی اوس نازنین کی یار ہمدم
ہوا ہے غم بہت اوس سیمتن کو
تعجب مین ہوئی بانو نہایت
بہے ہین بی سبب کیون آج اشک
کیا لیکن نہ اوسنے حال اظہار
الگ بلوا کے پوچھا برہمن سے
کرے تو مجھپہ ظاہر بے کم و کاست
سنایا حال سب نل اور دمن کا
نہ پہچانا تجھے مینے کسی روز
کیا تو نے نہ کچھ پیوند کو ر
نکالے لخت دل آنکھونسے رو رو
برنگ گل سبھونکے کھلگئے دل
ملی پیری مین گویا نوجوانی
نہ دل آرام پاتا ہی وطن مین

بیقراری دمن در فراق نل و آوارگی ہمنان و نشان یافتن او و حیلہ انگیزی دمن در طلب نل و

جسے ہو کچھ خیال زلف دلدار
نہین اس پیچ سے پاتا ہے آرام
پڑے گرچہ وہی اک باغمین جا
جلا دل آتش گلشن سے اوسکا
ہوئی وہ کون مجسے کج ادائی

روانہ شدن او مع رت برن بسواری اسپان

پریشانی سے رکھتا ہی سدا کام
کہ ہو آزاد غم سے سرو رعنا
ہوئی سبزے سے گرمی اور پیدا
تصور مین جو تیر راست آئی

دمن جسروز سے نیدر مین آئی
وہان کچھ اور ہی تازہ ہوا غم
چمن مین بیکلی سے روز بیزار
اوڑے تھا مرغ دل ہر ہر ہوا مین

نظر مین اوسکی عالم ہے شب تار
جنون نے اور ہی رنگت دکھائی
کہ گل بے یار سے کیا خار کم
کہا کرتی کہ ای چرخ ستمگار
پھنسایا پھر یہان دام بلا مین

مجھے صحرا ہی بہتر اس چمن سے
مجھے غربت گوارا اس وطن سے

اگرچہ جا ہے مری اب زندگانی
نہ ہو برباد پیری میں جوانی

نہیں تو روز غم کھاتی رہونگی
ترے ہاتھوں سے بس جاتی رہونگی

جگر شاداب کر کے سیر چمن سے
گرانی دور کر نازک بدن سے

جلائی ہے تپ غم نے عبث دل
کہ ہیں کب سے ان دونو سے بیخبر غافل

سنائی یہ کہی اوس گل کی جسدم
ہوے ماں باپ تو وہ رنج سے برہم

کہا تم ہر طرف شہروں میں جاؤ
کسی ڈھب سے سراغ نل لگاؤ

نشاں اوس کا کہیں پھر ڈھونڈھیو تم
کہ ہے وہ کون انسان آپسے کم

پتا اوسکا ملے جس آشنا سے
اوسے لینا سمجھ عقل رسا سے

غرض برناو نامے اک برہمن
جو تھا سچ مچ بہت چالاک و پرفن

وہ تھی رتبرن کی بار ولایت
کہ آبادی میں تھی یکتا نہایت

غم و محنت سے فارغ ہو کے دن رات
بسر کرنے لگا اسطور اوقات

ہوئی ظاہر کسی دن اک محفل
فراہم تھے جہاں دو چار بیدل

تڑپتے تھے جو سب بسمل کی صورت
نہ تھی کچھ رقص کی اوسجا ضرورت

اوسی محفل میں نل تھا رونق افروز
دمادم کر رہا تھا آہ جانسوز

نظر برناو کی صورت جو آئی
یکایک دل میں حیرانی سمائی

کرے کیا غیر تقدیر آشنا کی
کہے بیدرد کیا باتیں وفا کی

بتا کس شہر میں مسکن ترا ہے
یہاں رہتا ہے کیوں اور نام کیا ہے

جلا کس آتشیں رخسار سے تن
بنا کس لالہ رو کے غم میں سوسن

جو پوچھا رسم الفت کی ادا کر
کہا نل نے تکلف سے اوٹھا کر

جو ہیں اوسکے ملازم اور برتر
اودھو میں ایک میں ادنی ہوں نوکر

نہیں کچھ اک یہی خدمت مرے نام
تعلق اور بھی رکھتا ہوں سو کام

جہاں اورنگ شاہی خوشنما ہی
مجھے ایسے ہنر کی قدر کیا ہی

نہو جس گل میں کچھ بوی وفائی
کرے کیا اوس سے کوئی آشنائی

مگر جسنے کیا ہووے گوارا
یہ ظاہر ہے کہ تھا اوسکو نہ چارا

بلا کر آخرش دایہ کو اک روز
لگی کہنے کہ اے غمخوار دلسوز

تو لے جلدی خبر میری صنم کی
نہ کرنا خیر اس میں ایکدم کی

کہا دایہ نے سن اس گفتگو کو
کہ بیتابی میں تو اوقات مت کھو

نکر دیوانہ پن کی گفتگو تو
اٹھا کیں چھوڑ دے اب ای پریرو

یہ کہکر پھر محل میں جا کے فی الحال
کہا ماں نے دمن کے غم کا احوال

ہزاروں برہمن غمخوار دلسوز
خبر کے واسطے بھیجے اوسی دن

جہاں خوبی کا دریا موج زن ہو
وہاں پر دیکھیو اوس تشنہ لب کو

جو چھوڑے خواب میں بھی دلدار اپنا
کرے از خود جدا غمخوار اپنا

منفصل پھر بیاں آکر سنانا
سراپا خال و خط اوسکا بتانا

گیا جب رفتہ رفتہ وہ بہت دور
نظر آیا اوسے اک شہر معمور

زبس اوسنے مکان دلچسپ پایا
خراماں سیر کرنے اندر آیا

کہ راتوں کو طواف دیر کرنا
سحر سے شہر کی وہ سیر کرنا

عجب مجلس کا تھا سامان تیار
بجائے شمع تھے آہ شرر بار

بجا کر ساز بیتابی کا باہم
اوٹھاتے تھے زباں سے نغمۂ غم

جنوں نے اسقدر تھا حال ابتر
کہے تو وجد کی حالت تھی اوسپر

کہ آیا کون ہے یہ مرد غمخوار
کہ پیدا اس سے ہی الفت کا آثار

اشارے سے حقیقت کو پہونچکر
کہا برناو نے کا ہی نیک منظر

نظر کس برق عارض سے لڑائی
گھٹا سی جو سیاہی تن پہ چھائی

نظر آتی تھی کسکی زلف خمدار
ہوا ہے نخل شانہ جو دل افگار

کہ جو اس شہر کا فرمانروا ہے
نہایت نیک خلق اور بادشاہی

مگر اہل فراست ہیں جو ہشیار
اودھو نکا ہوں ہنر سے اپنی سردار

اگرچہ ہوں یہاں گمنام بیشک
مگر کہتے ہیں بعضے نام باہک

حقیقت میں بہت ہی نیک کردار
وفا کی رسم سے تو ہی خبردار

جدائی یار کی گرچہ ستم ہے
نہیں کچھ موت سے عاشق کو کم کچھ

یہ سن تقریر اوسکی منھ سے برباد
سمجھکر دل میں اپنے ہو گیا شاد

ملا گر تیر فطرت کا نشانہ
ہوا بندر کو پھر سیدھا روانہ

سنی جب نل کے منہ سے گفتگو جو
کیا ظاہر مع تصویر اوسکو

کہا جی میں کہ ہے کیا ماجرا یہ
عجب نام اور تقریر و ادا یہ

ہوئی پھر کونسی اوسکو ضرورت
کہ رومی ہے یہ بنارنگی کیصورت

کہا اسطور سے کہ ای میرے غمخوار
نہیں مانند تیرے کوئی ہشیار

ملی تیرے سبب پھر زندگانی
ہوئی سب طرح حاصل شادمانی

کہ یعنی چھوڑ کر خاطر سے وسواس
پہونچ جلد اپنے اب رت برن کے پاس

تری گردن میں ڈالیگی حمائل
کہ ہے دل اوسکا تجھپہ مائل

مسافت سے نلا خاطر یہ کچھ رنج
کہ ہے اس رنج میں حاصل تجھے گنج

کہ ای شیریں دہن یہ کیا سخن ہے
عبث تو اسطرح شکر شکن ہے

کری تجویز ایسی اور تدبیر
نہ ہو جسمیں کوئی تیرا زبان گیر

سنا ہے کہ نل ہے ہر فن استاد
بہت ہیں اوسکو سحر سامری یاد

جو ہے وہ شخص نل اوسپر گمان ہے
تو اوسکے واسطے یہ امتحان ہے

غرض کچھ روز میں رت برنے جا
کہا پیغام اوس غنچہ دہن کا

بلا کر نل کو آہستہ او سیدم
کہا اسطور سے کہ ای میرے ہمدم

دمن نے آج بھیجا ہے یہ پیغام
کہ ہے تیار شادی کا سرانجام

اگرچہ یہ سخن مجکو ہے منظور
ولے بندر یہانسے ہے بہت دور

مری خاطر کرے جادوگری تو
برنگ خضر کر کچھ رہبری تو

کہا کیا ماجرا اسوقت نل سے
دیا پیغام یہ گویا اجل سے

کہ اک تو جو تمہیں ہے چشم گریان
اوٹھا بحر الم سے اور طوفان

کیا مذہب یہ کس کافر سے حاصل
پھرا اوس بت کا جو ایمانسے دل

مگر اس بات سے شاید خفا ہو
کہ آیا ہیں ادھر اوس سے جدا ہو

وہیں سے اسطرح میرا گمان ہے
مری احوال پر وہ مہربان ہے

اسیصورت سے اپنے دل کو سمجھا کے
کہا رت برنسے پھر کیا کیا جاے

بہت ہوتی ہیں ایسے تیز رفتار
ہوا کے مثل اوڑ جاتے ہیں یکبار

صبا کے مثل ہو کر بس سبک پا
خبر دی یہ دمن کے باپ کو جا

دمن نے یہ خبر جسوقت پائی
برنگ برق بیتابی میں آئی

پڑی تھی رخ پہ کیا زلف ظلام
جو غالب ہے سحر پر اسطرح شام

بلا کر آخرش اوس برہمن کو
کہ جسنے پھر دکھایا تھا وطن کو

پڑی تھی دور میں اپنے وطن سے
بہت عاجز ہوئی تھی جان و تن سے

مگر ہے ایک تجھسے التجا اور
کرے کچھ روز طے راہ وفا اور

ادا کر جا کے اوس سے اس سخن کو
کہ ہے شادی کی خواہش اب دمن کو

مہیا ہیں وہان سب جام و ساقی
مگر ہیں جشن کے دو روز باقی

برہمن ہو گیا بت اس سخن سے
لگا کہنے پھر آخر یوں دمن سے

مناسب ہے نہیں ایسا بہانہ
کہ بیڈھب ہے بہت تنگ زمانہ

کہا میری ہی ہیں بہتری ہے
یہ عاشق کے لئے افسونگری ہے

کرے گھوڑے پہ اور جب فسون دم
دکھا دے ایکدم میں سیر عالم

صنم کی گفتگو سن وہ برہمن
ہوا مثل صبا آخر قدم زن

دمن کی سنکے اوسکو انتظاری
ہوئی پیدا نہایت بیقراری

کیا تھا تو نے آکے مجھسے اقرار
کہ ہوگا وقت مشکل میں تو یار

بلایا ہے مجھے اسواسطے اب
کہ ہے مائل مجھی پر وہ شکر لب

ملے ایسا کہاں تخت وان اب
کہ دو دن میں فقط ہو پہونچوں وہان اب

ملے گی وہ پری کوشش سے تیرے
نہیں تو بس گئی ہاتھوں سے میرے

بہت سنکر الم اوسنے اوٹھائی
ہزاروں یادنے غمسے پیچ کھائے

بچھاؤں اسکس تدبیر سے دام
جو ہو آہوے وحشی مرا رام

عجب کچھ پھر گیا دور زمانہ
کہ بیگانہ ہوا اپنا یگانہ

کہا اک بار گی پھر یوں سمجھکر
کہ ہے بالکل غلط میر القصور

نہیں رت برن کو پیغام آیا
مجھی کو اس بہانے سے بلایا

یہاں درکار گھوڑے کی سواری
کہ کم ہوتے ہیں ای چلنے میں عاری

شب تاریک میں مثل ستارہ
جھپک جاتی نہیں چشم نظارہ

یہ کہکر جلد پھر اصطبل مین جا لے آیا چنگلے دو گھوڑے سبک پا
چلا دی جسقدر کوئی چلین روز نہین کچھ فرق ہین آے دل افروز
لگا کہنے کہ کیا ہی خوش قدم ہے کوئی دم مین یہ وان سو عدم ہے
کہا اسنے نہین بہتر ہی کوئی انہین پر ختم ہے ساری نکوئی
جو ہووے راہ کی خاطر کام غوب وہی اچھا ہے بہتر اور وہی خوب
سواری کر ادھونپر بس اوسیدم چلے دونون مکانسے اپنے باہم
لگا گرنے دہن سے کف سراسر زمین پر گر پڑے آخر برابر
سفر کے حق مین بہتر اسپ لاغر کہ چلتا ہی قدم سے وہ سبکتر
یہ سن رت بران کچھ ہوکے ناچار منگائے نل کے دو نون اسپ رہوار
چلے جاتے ہی ڈھب سے سبکتر کہ سم پڑتے تھے گویا زمین پر
زبس تھے چست و چالاک و قرار کہارت بران نے کہا ای مرد ہشیار
نہونگے ماندگی سے تنگ اکدم رہیگا روز چلنے کا انھین دم
ہزارون اسپ کے نام ولشان مین بیا نہین جسکے عاجز نکتہ دان ہین
سنائے جو ہنر اونکے زبانسے ملی اوسکو وہین اک اک نشانی
کہین اس لطف کی چرچہ مین الجھا دوپٹہ گر پڑا کاندھے سے اوسکا
کہا اس چاہ مین مت جاؤ آپ کہان نزدیک اوسکو پائیے آپ
اگر اسواسطے پھر جائینگے ہم نہین بند رہو پہونچنے پائینگے ہم
یہ تھاند کو رآئیں ہین کہ ناگاہ نظر مین اک درخت آیا سر راہ
اگرچہ سب ہنر ہین یاد تجکو بنایا حق نے ہے استاد تجکو
عجائب اک حساب آیا ہی ایسا کرون جس سے بیان سب پتیونکا
جو تھا ظاہر نہین اوسپر ہنر یہ تعجب مین رہا یں دیکھکر یہ
نہین گن کر سمجھ لونگا مین جبتک رہیگا عمر بھر باقی مجھی شک
عبث دل مین تری اسکا گمان ہے ٹھہرنیکی بھلا فرصت کہان ہے
کہا تل نے کہ چلیے آپ کچھ دور نہین رہنے کا مین خدمت سے مجبور
دُس رت بران تھا بےصبر اوسدم چلا آخر وہانسے ہوکے برہم

کہا یہ خوب دونون بادپا ہین سفر کے واسطے دونون ہوا ہین
نہ تھا رت بران جو واقف ہنر سے ونہین دیکھا حقارت کی نظر سے
چلین گے کسطرح سے یہ سفر مین کہ ہین لاغر بہت میری نظر مین
اب آگے آپکی مرضی بجا ہے زبا اسنے جو کہ فرمادین بجا ہے
غرض کرا اوسنے اپنی کارسازی منگائے اور ہی دو اسپ تازی
نہ پہونچے تھے وطن سے ایک فرسنگ کہ گھوڑے ماندگی سے ہوگئے تنگ
کہارت بر نے نل کہ ای رای نہ مانا آپنے کہنا مرا ہاے
بہت مشکل ہے غمخواری سفر کی کہ رکھتا ہی سفر صورت سقر کی
اٹھونکے خانہ زین سے ہین جو آئے قدم یکبارگی وانسے اوٹھائے
ہوا کو دیکھ دونونکی شتابی نہین آتی تھی تاب ہمرکابی
تجھے کیونکر ہوا معلوم یہ راز کہ ہین یہ بادپا دونون قدم باز
کہا یہ راز باہر ہے بیانسے نہین ہوگا ادا ہرگز زبانسے
ادا کر پہلے اس صورت سے گفتار کیا پھر ماجرا گھوڑون کا اظہار
نہایت ہوکے خوش نل کو سراہا کہ کیا بہتر ہنر رکھتا ہے آہا
کہا تل سے ذرا رک جا یہانپر کہ مین اوسکو اوٹھا لاؤن لپک کر
نہین ملنے کا اب وہ اک قدم سے کہ وہ سو کوس پیچھے چھوٹا ہم سے
تامل اب نہین اکدم کا منظور کہ فرصت کم ہے اور جانا بہت دور
خوشی سے رانے دی نل کو آواز کہ سن ای راز انجمن ای نکتہ پرداز
مگر مین بھی ہون کچھ حکمت سے آگاہ ہنر کی اند کے معلوم ہے راہ
یہ کہکر پھر مخاطب ہوکے نل سے بتائے سب عدد تشکیل نل سے
کہا کیونکر یقین ہو مجکو ای رای کہ ہے جولان نہین اسپر مری رای
ہوا اس بات سے رت بران بیزار کہ ناحق اب یہان کرتا ہے تکرار
مفصل حال سب تیرا ہے جانا کہ اسجاے ابھی ہے دور جانا
مری خاطر نہ کیجے اضطرابی پہونچتا ہون کوئی دم مین شتابی
یہان نل نے کمر سے کھینچ و شستر کیا رت بران کی حکمت مین بخنر

کہ بیٹی کا ٹکڑا وس نخل ترکو | لیا بالکل سمجھ اوسکے ہنر کو
عدو کی گر گیا معلوم جو راہ | نہین کچھ پوچھنے کی پھر اوسے چاہ
کیا گھوڑا کو اوسجا سے روان پھر | ہوا رت برن سے آہمعنان پھر
کہا اک آپ سے ہے التجا اور | ہنر تبلایئے کوئی نیا اور
مجھے بھی یاد ہی جو نکتہ دانی | کرونگا سب ادا اک اک زبانی
ہوا یون رے آسنکر نکتہ پیرا | کہ ہے بہتر فریب اسکا چرچا
ہر اک باتونکا عالم مین ہنر ہے | جو ہے دانا وہی سب سے خبر ہے
رہی کچھ دیر تک تقریر آرا | بتایا پھر ہنر چوسر کا سارا
نہ پانسا پھینکنے کا ہے یہ انداز | لیا کرتے ہین بازی یون غلاباز
سنا پانسونکا ل نے پھیر جبدم | برنگ مار کھائے پیچ پیہم
بہت رویا زمانے کی جفا سے | کہ دشمن ہوگیا غالب دغا سے
اسی افسوس سے ہاتھونکو مل مل | رہا پھر رات تک وہ مرد بیکل

ملاقات تل بدن

خوشی سے ساقیا اک جام دے اور | کہ آیا ہو مو گلگونکا پھر دور
سحر کو جبکہ خورشید جہانتاب | ہوا پھر برج مشرق مین عنان تاب
ہوے بیدار سارے مرغ و ماہی | لگی چلنے نسیم صبح گاہی
خوشی سے پھول بلبل آشیانہ مین | سبق پڑھنے لگی جا بوستان مین
قدم پر سرو کے شادی سے پھر جھوم | مچائی قمریونے باغ مین دھوم
گران گذری تھی پہلی تل کی منزل | کھلا اوسدن خوشی سی غنچہ دل
فلک سے مژدہ دلدار پایا | جہان مین عیش کا آثار پایا
ہوا رت برن اوس سے اور خوشتر | کہ دیکھون گا صنم کو آج چلکر
سحر سے کرکے گھوڑونکو سبک گام | ہوے بندر مین آداخل سرشام
دلہن کو بیکلی اوسدن لگی تھی | محل پر صبح کاذب سی کھڑی تھی
سواری دور سے دیکھی جو آتی | اوتر آئی محل سے کھلکھلاتی
عجب سینہ خوشی سی پھول آیا | کہ محرم مین نہین پھولا سمایا
نہ ٹھہری شوق سی پھر پاؤن اکدم | کبھی اندر کبھی باہر یہ عالم
ہوئی جون برق وہ جابالک یکایک | صدائے زنگ پہونچی آسمان تک
یہان جو شہر مین رت برن آیا | کہین آثار شادی کا نپایا
نہ آئی کانمین طبلے کی آواز | نہ دیکھا ایک جگہ پر رقص کا ساز
نہ اوٹھتی تھی کہین مردنگ کی تال | اسیصورت سے سب باجونکا تھا حال
نہین نوبت سنی بجتی کہین جب | ہوئی رت برنکو نوبت بری جب
سمائی دل مین حیرانی نہایت | ہوئی حاصل پشیمانی نہایت
کہا جی مین یہ کیا ہے مکر سازی | ہوئی ہر کس سی یہ روباہ بازی
مرادہ کو سناتھا دشمن جان | مسافت مین کیا ناحق ہو حیران
دلہن کے باپنے بھی یہ خبر پایا | رہا کچھ دم تلک حیرت سے غم کھا
کہ چھوڑا ملک اپنا کس سبب سے | ہوا دار دیہان کسکی طلب سے
بہت ظاہر مین آخر پیش آیا | مکان مین اپنے ناچار لیسے لایا
کہا یون رسم مہمانی ادا کر | کہ ہر ہر چند گستاخی سراسر
عنایت کی یہان جو آپ آئے | بھلا کس راہ سے تشریف لائے
یہانتک ہو مسافت اسقدر دور | کہ قاصد کو نہین جانیکا مقدور
یہ سنکر اور بھی حیرت مین آیا | گریبان مین اوسیدم سر جھکایا
سمجھکر آپ کو ناخوانده مہمان | ہوا دل مین بہت اپنے پشیمان
نکل آیا عرق سارے بدن مین | خجالت سے نہ بات آئی دہن مین
ندامت اسقدر پہلے اوٹھاکر | کہا یون آخرش باتین بناکر
کہ تھی جو دلکو دلسے آشنائی | محبت اسطرف کو کھینچ لائی
تمنا یہ مجھے رہتی تھی دن رات | کہ ہو اکدم میسر گر ملاقات
کرون باتین ادا الفت کی یک یک | رہیگا نامہ و پیغام کب تک
خوش آن حالیکہ با عقل دل آرا | بہم باشند شاہان محفل آرا
دلہن کے باپنے سن اوسکی تقریر | کہا خاک قدم ہے مجھکو اکسیر

مبارک آپکا آنا یہان ہی ۔ حقیقت مین یہ آپ کا مکان ہی
جہان ہو کارخانہ کبریائی کا ۔ دوئی کا کسطرح ہو دخل اسجا
یہان جو چاہیے موجود سب ہے ۔ تکلف کچھ نہین درکار اب ہی
یہ کہکر فکر مین پھر جی دبایا ۔ کہ آیا کس ارادے پر یہ آیا
اکیلا جو یہان وارد ہوا ہی ۔ خدا جانے کہ ہمین بھیج کیا ہے
زبس پیدا ہوا اس فکر سے غور ۔ رہا رخ چہرہ شطرنج کے طور
یہان تھا نل کا جو اقبال یاور ۔ دمن نے ایک محرم کو بنا کر
کہا محفل مین چھپکے یا لئے تو جا ۔ وہان سے جلد دونونکی خبر لا
کہ ہین وہ کون اور آئے کہان سے ۔ کدھر کا عزم رکھتے ہین یہان سے
دمن کے حکم سے محرم فی الفور ۔ حقیقت نل سے پوچھی جاکے اسطور
کہ مالک تم رہے ہو کس مکان کے ۔ کہو سچ رہنے والے ہو کہان کے
بڑا ہے کون ان دونون مین سردار ۔ کسے تم مین بہت اقبال ہی یار
کہا مجھسے بزارت برن اب ہی ۔ دمن کو جس سے مطلب کی طلب ہے
ملی اس گفتگو مین جو نشانی ۔ گیا محرم پہ کھل راز نہانی
کہا کچھ نل سے بھی تجکو خبر ہے ۔ پریشان زلف کا مارا کدھر ہی
کہان کس خاک پر وہ مست بیدل ۔ تڑپتا ہی پڑا مانند بسمل
کہا محرم سے پھر یون نل نے سنکر ۔ کہ ہی اسدم کہان تیرا تصور
حقیقت گرچہ سب اپنی سنائی ۔ سخن کی تہ مگر تو نے نپائی
دمن نامے پر یہ جو یہان ہی ۔ ادا پر اوسکی مفتون اک جہان ہے
جہان رکھتے ہین اوسکی اور سب چاہ ۔ اونھون مین ایک مین بھی ہون ہوا خواہ
اگرچہ نل بھی خود موجود یہان ہے ۔ مگر تیری نظر سے بے نشان ہے
اشارونسے کیا جب حال اظہار ۔ کہا محرم نے پھر یون کرکے اصرار
کہ گذرا حال کیا اوس برہمن پر ۔ گیا یا لئے جو تھا پیغام لیکر
یہ سن محرم کی باتین عاشق زار ۔ یکایک درد دل سے رو دیا ڈھاڑ مار
نہ نکلی بات پھر ہرگز دہن سے ۔ ہوا ناکام رقت مین سخن سے
یہ حالت دیکھ محرم نے اوسیدم ۔ گیا گھر مین دمن کو جاکے محرم
کہا اک شخص دونون مین جو مغموم ۔ مجھے ظاہر مین نل ہوتا ہے معلوم
اگرچہ ہوگیا ہی رنگ تبدیل ۔ مگر باتونسے سب ملتی ہی تمثیل
خوشی کی پھر بہار آئی جہان مین ۔ رہی غمگین بہت دنتک خزان مین
زبانی سنکے یہ محرم سے مذکور ۔ ہوئی اوس غنچہ لب کی بیکلی دور
کہا بے آب و آتش وہ ہنرور ۔ پکاتا ہی غذائین خشک اور تر
اگر یہ ماجرا ہے کر دکھاوے ۔ مجھے بیشک یقین پھر اوس سے آوے
یہ کہکر پھر سبو اور دیگ منگوا ۔ ولے دونون مع آگ اوسکو بھجوا
جو دیکھی نل نے پھر محرم کی صورت ۔ ہوا بیکل سمجھکر کچھ ضرورت
ہوئی دلمین بہت تشویش پیدا ۔ کہ ہی پھر اسکے آنے کا اچنبھا
نہ ہو اسطور کی نازک کوئی بات ۔ لگے اوس گل سے جو شرمندگی ہات
گیا جو فکر مین اس رنگ سے نل ۔ دیا محرم نے اوسکو پھول اوّل
زبس آئی تھی اوس سے نکہت یار ۔ ہوا خوشبو سے اوسکی مست اکبار
جو کی پھر اوس سبو پر نظر تیز ۔ ہوا اکبارگی پانی سے لبریز
رکھی جب دیگ ہاتھونپر اوٹھا کر ۔ لگی باہر اوبلنے جوش کھاکر
لئے تھا جب تلک وہ عاشق مست ۔ رہا ہمرنگ آتش پنجۂ دست
غرض محرم نے لے اس امتحانکو ۔ پھر وہی جلد جا اوس دلستانکو
وہ پکی تھی غذا اوس دیگ مین جو ۔ دیا رکھ سامنے یہ لاکے اوسکو
دمن اکبارگی بو اوسکی لیکر ۔ خوشی سے ہوگئی بس تازہ و تر
اوسیدم بھائیونکو اپنے بلوائے ۔ اشارونسے دیا اسطور فرمائے
کہ تم آراستہ ہوکر سب اک سات ۔ کرو مہمانونسے جا ملاقات
ہوئی اونکو اجازت جو دمن کی ۔ چلے سب کرکے آرائش دمن کی
جہان بیدل وہ بیٹھا تھا وہان جا ۔ گئے نزدیک تسلیمین بجا لا
گلے سے نل کے یون سبکو لگایا ۔ کہے تو ہار پھولون کا بنایا
یہان تھی جو دمن کو اضطرابی ۔ کہا یون مان نے اپنی جا شتابی

کہ اب وہ شخص آیا ہے یہانپر
امین جسکے ہجر مین رہتی ہون مضطر
خدا کیواسطے اندر بلاوے
اسی صورت سے وہ صورت دکھاوے

کہا مانے کہ اب جلدی نکر تو
قناعت اندکے رکھ صبر پر تو
ذرا مین بھی تو دیکھون اوسکے آثار
کہ ہے کسطرح پر گفتار رفتار

روش کس ڈھب کی اور انداز کیا ہے
گدا ہی یا کہین کا بادشاہ ہی
پڑی عالم مین کیا اوسپر تباہی
بدن پر اسطرح دوڑی سیاہی

کہا ان نے لفو نہین دل الجھا ہوا ہی
کہان الفت کی پھندے مین پھنسا ہی
یہ کہکر نل کو پھر اندر بلایا
بہت عزت سے مسند پر بٹھایا

کیا آخر اشارہ یون دمن سے
کہ پوچھے حال ایسا ہے سخن سے
کہا پہلے دمن نے کیا ترا نام
یہان کسواسطے آیا ہے کیا کام

کہا کچھ بھی نہین ہے کام میرا
فلک سے دہر مین گمنام میرا
کہا کیون تن پہ چھائی ہی سیاہی
کہا یہ ہی تپ غم کی گواہی

کہا ہی مثل غنچہ کس لئے تنگ
کہا ہی دل کی حیرانی سے یہ رنگ
کہا وہ کون دلبر سے جدا ہو
کہا جسکا جنون ہمدم ہوا ہو

کہا کس شہر مین مسکن ترا ہی
کہا بے نشان مسکن مرا ہی
کہا پھر اندنو نہین تو کہان تھا
کہا ریگ بیابان مین طپان تھا

کہا خواہش تری کس چیز پر ہی
کہا مجکو ہوا لے سیمبر ہے
کہا کیا آج کل تیری غذا ہے
کہا خون جگر سے مدعا ہے

کہا سودے مین کسکے ہے گرفتار
کہا اک مشتری کا ہون خریدار
کہا کیون رخ ترا ہے زعفرانی
کہا یہ عاشقی کی ہے نشانی

کہا خشکی ملی کیون لعل لب سے
کہا سینے کی گرمی کے سبب سے
کہا رہتا ہے تجکو کون آزار
کہا ہون نرگسی آنکھونکا بیمار

کہا کس کاروان کے ساتھ آیا
کہا ریگ روان کے ساتھ آیا
کہا کیون چاک تیرا پیرہن ہی
کہا کچھ دل نے شوق گلبدن ہی

کہا کچھ یاد ہی سودا کا دیوان
کہا ہی بیت ابرو کا مجھے دھیان
کہا کس غم سے رہتا ہی پریشان
کہا ادجھے ہین نے لفو نہین دل و جان

کہا کس کام مین رہتا ہی مشغول
کہا ہی دم شماری اپنا معمول
کہا ہمدم ترا کوئی نہین ہے
کہا اب غم سوا کوئی نہین ہے

کہا کچھ ہی گل ل سے سروکار
کہا اسکا کہان ہی لطف بی یار
کہا کسکی گذرتی ہی خوش اوقات
کہا ہمدم جو ہو دلبر سے دن رات

کہا کوئی ترا ہی یان پہ غمخوار
کہا ہمدم ہی اک آہ شرربار
کہا اب قصد رکھتا ہی کہانکا
کہا اب آب و دانہ ہی جہانکا

ہوے جب خوب باتون مین اشارے
دلونکے کھل گئے مضمون سارے
محبت مین ہوے باطن مین یکسان
نئے سر سے کیا پھر عہد و پیمان

اوسیدم ہوکے قید غم سے آزاد
ملے باہم صنوبر اور شمشاد
خوشا وقتی و خورم روزگاری
کہ یارے برخوردار وصل یارے

برافروزد چراغ آشنائی
رہائی یا بدازداغ جدائی
غرض اوسوقت سے نل رات تک خوب
رہا پردے مین بس ہمدوش محبوب

ہوا جسدم گریبان سحر چاک
پھر ابھر روشنی سے دامن خاک
نکل پردے سے نل صحن سرا مین
فراغت ساتھ خوش بیٹھا ہوا مین

نکال اوس سانپ کی کیچلی کو فی الحال
گیا پھر رنگ سیہ آگ مین ڈال
اوٹھی یعنی جب اوس سے ہر طرف بو
بلایا اوس بلا کو پڑھکے جادو

فقط گذرا تھا اکدم یا کہ کچھ کم
کہ آ پہونچا وہان وہ آتشین دم
سیاہی ہر گئی سب کھینچ تن سے
کہا اب دی جلا اوس پیرہن سے

کہا جون نل نے اسکو زیب بالا
ہوئی تاب اور چہرے کی دوبالا
سراپا پیرہن سے آگیا نور
سیاہی اوڑ گئی مانند کافور

بنا تھا پہلے جو ہمشکل زنگی
ہوا گورا بدن مثل فرنگی
یہ سن ارباب عیش آئے دوان سب
ہوئی سب رقص مین پیر و جوان سب

لگے مردنگ سے گالین اوٹھانی
نئے ڈھب سے بجائی شادیانے
طنبور دلنے عجب نغمت بجائی
کہ عالم نے خوشی سر نو سی پائی

دلونسے اک قلم جاتا رہا سوز
خوشی پیدا ہوئی گویا اوسی روز

جہان بیٹھا تھا نل گردن جھکالی
گیا غیرت سے وان منہ کو چھپائی

تری خاطر بقدر شہریاری
ہوئی مجھسے نہ کچھ خدمتگزاری

کہا نل نے کہ بس اے بحر احسان
فدا قدمون پہ ہی یہ گوہر جان

مری اوسوقت مین کی غمگساری
کہ عالم سے نتھی کچھ چشم یاری

اگر ہر موے من گردد زبانے
زتو رانم بہ ہر یک داستانی

اسی صورتسے دونو کرکے تقریر
ہوئے آپسمین آخر شکر و شیر

کبھی سب چاندنیکے فرش بچھوا
شب مہتاب مین کرتے تماشا

غرض دونو اسیصورتسے دنرات
بسر کرتے خوشی سے اپنی اوقات

وہان آراستہ کر خوب محفل
پریرویونسے بہلانے لگا دل

بندھا جو نغمۂ شیرین کا بس تار
ہوئے اوڑنیسے ہر اک مرغ ناچار

ہوا بھی دیکھ اوس محفل کا عالم
یکایک گرگئی چلنے سے ادھم

شراب حسن سے تھین بسکہ مخمور
ہزارون شیشۂ دل کردیے چور

کبھی چہرے کو دامن سے چھپانا
کبھی منہ کھول کر پھر مسکرانا

کبھی زلفونکو مکھڑے پر جھلائین
سحر سے شام کو گویا ملائین

لچک دیتین کمر کو اس ادا سے
جھکے جون شاخ گل باد صبا سے

غضب تھا بیٹھنے کا ایک تو ناز
قیامت اور تھا اوٹھنے کا انداز

سماں یہ دیکھکر نل حسب معمول
ہوا پھر راسے باتونمین مشغول

جہانتک نرد کے چلنے کی تھی راہ
ہوا اسب اوس سے اک ساعت مین آگاہ

کیا دلمین بہت افسوس اوسدم
اوٹھائے بس جگر سے نالۂ غم

قضا سے جو کہ ہونی تھی ہوئی سو
اب اوسکی یاد مین دلگیر مت ہو

غرض اوسنے نہایت کرکے الفت
کیا اوجین کو بندر سے رخصت

خوشی سے ساقیا وہ صاف مے لا
نہ ہو جسمین ذرا آمیزش لا

یہان تک بڑھ گئے یہ حال سنکر
کیا جیب تحیر مین فرو سر

لگا کرنے نہایت عذر خواہی
کہا اے زینت دہ اورنگ شاہی

کدورت جو ہوئی میری خطا سے
صفا کر اوسے آب عطا سے

ہوا ہی آپکا احسان کیا کم
کہ جسکے بار سے ہی پشت جان خم

نہین کچھ مردمی مین آپکی شک
عنایت کی مجھے ہی چشم اب تک

نیارم گوہر شکر تو سفتن
سر موے ز احسان تو گفتن

کبھی کرتے تھے باہم سیر دریا
کبھی کرتے تھے گلگشت چمن جا

کبھی محفل مین باہم ہو کے دمساز
سنا کرتے ہر اک باجو کی آواز

ہوا اک روز نل کچھ شہر سے تنگ
کیا صحرا کا آباد لیے آہنگ

تیونے دھوم کچھ ایسی مچائی
خوشی جسکے تماشے کو خود آئی

اوٹھی جو چنگ سے آواز معقول
گئی سب آہوونکی چوکڑی بھول

لیا بس بولیونے رقص سے دل
کیا تیغ ادا سے سبکو بسمل

کبھی جو مارتین پیرونسے ٹھوکر
اوٹھاتی تھین قیامت ہر قدم پر

کبھی آنکھونسے کرنا یون اشارے
کہ غش کھاتے تھے سب ہستی کے پیارے

کبھی سینے تلک لاتی تھین جب ہاتھ
ملین تھے دیکھا اوسوقت یہ ہاتھ

کبھی مثل کمان قد خم بنانا
کبھی جون تیر اوسکو راست لانا

نہ حرکت تھی غضب تھا ونسے ہربار
اوٹھی تھی ست نگولونکی جھنکار

غرض ہر رنگ سے وہ نکتہ پرور
نہایت کھیلتا تھا خوب چوسر

لیا یارا نے چوسر کا جب پھیر
لیا فوج الم نے نل کو پھر گھیر

دمن کی یاد نے اس حال مین آ
کہا افسوس سے ہوتا ہی اب کیا

لیا نے فوج لشکر ساتھ لیکر
کرے اوجین کو سرنوسے پھر سر

جو تھا درکار اسباب تجمل
دیا سب گھر سے اپنے بے تامل

گئی گردش کے دن نل رگ گند اب
ہوا ہی آسمان پھر مہربان اب

جنبش موکب نل از شہر دمن تخت گاہ و

جہانین صبحدم خورشید روشن
ہوا جب آسمانسے سایہ افگن

صبا کو پھر ہوائے باغ آئی
خوشی سے بلبلون نے دھوم اوٹھائی

وہانسے ساتھ لیکر نل دمن کو
کہون اوسدم کا کیا مین شوکت جاہ
زمین پر جھومتے ہاتھی چلے یون
ہزارون اسپ تازی برق رفتار
سوارونکی پری جاتی تھے یون تند
غرض اس شان سے اوجین مین جا
سلامی کے لیئے ہر خاص ہر عام
عجب نرمی سے کرتا سخت نیرنگ
ستم جو کچھ کہ گذرا میرے اوپر
اگرچہ آسمان کرتا ہے سب کام
مجھے گذرے ہوی کا کچھ نہین غم
اوسی صورت سے پھر بھی مجھسے لیجا
ہست اپنی طرف سے دیکے ترغیب
گئی بھول اوسکی سب نیرنگ سازی
جو تھا قبضے مین اوسکے ملک اور مال
ہوئی پیدا نہایت فکر جی کی
ذرا اپنی اصالت پر نظر کر
اوٹھا دی اسکے آگے قدر میری
مگر اب چھوڑ دے یہ بد طریقہ
غرض کریون نصیحت اور شکایت
قدم کو کھینچکر راہ وفا سے
اوٹھایا تھا جنھون نے ظلم سے سر

بگردش قرعہ اقبال نقد باختہ از حریف کجباز کر فتن و یا و رنگ دولت بہ پیرایہ اقبال آراستن

جنھون نے ہوگئے پائے صبا کند
کیا ہر اک کو پھر محکوم اپنا
ہوے اکبارگی گھر سے سبک گام
بظاہر موم اور باطن مین تھا سنگ
نہین کچھ غم ہے اسکا ای برادر
مگر اک کو کیا کرتا ہے بدنام
کہ زر آگے سے اب بھی کچھ نہین کم
دیا اسباب میرا مجکو دیجا
کیا جشن طرب کو جلد ترتیب
کئی ہار او ہین اک نگ بازی
کیا قابو مین اپنے نل فی الحال
کہ کیا ہوگی سزا میری بدی کی
کہ کس دریا کا ہے تو پاک گوہر
کہون پھر بھی نہین تقصیر تیری
کہ بخشا ہے تجھے حق نے سلیقہ
کیا پھر اوسکو منظور عنایت
لیا رخصت اوسے صلح و صفا سے
لگے نل خاک مین پامال ہوکر

صدا اوٹھتی تھی نقارونکی جسدم
رہے تھے ظلم سے جو سر اوٹھائی
گیا نل رفتہ رفتہ آخر ش ان
کہا اوسنے بلا کر کاے وفادار
کہ تھی میری اسی صورت سے تقدیر
تری خاطر مین لایا ہون بہت مال
اگر رکھتا ہون خواہش دلمین اسطور
کہا اوسنے کہ اس سے کیا ہے بہتر
اوسی محفل مین چوسر کو بچھا کر
کیا دشمن کو ایسا کھیل سے تنگ
ہوا بیدست و پا جسوقت دشمن
ہراسان دیکھکر آخر اوسے نل
جو کی ہمراہ میرے بے ادائی
کہ کیا تو نے کیا اپنی رضا سے
بھلائے یا دین جو تجکو نیرنگ
جو تھا پاک اوسکے آگے ملک و مال
ہوے تھے خانہ دل جو کہ برباد
پلا اک اور ساقی ساغر نل

چلا محظوظ پھر اپنے وطن کو
لیکر لشکر سے دریا ایک ہمراہ
پہاڑون سے اونڈتی ہو گھٹا جون
سواری کے جلو مین تھے نمودار
عدو ہیبت سے ہو جاتی تھے بیدم
شنا بان راہ مین ملنے کو آئے
جہان تھا وہ برادر دشمن جان
رہین اب صلح سے ہم تم بہم یار
کسیکی کچھ نہین اسمین ہے تقصیر
اوسے بھی حرص کر اب لیکے خوشحال
کہ آگے لے گیا ہے مال جسطور
چلو کھیلین خوشی سے ملکے چوسر
لگے پھر کھیلنے بازی لگا کر
کہ یکسان کر دیا سب نگ میں رنگ
لگا اک کانپ اوٹھا دہشت سے سب تن
لگا کہنے کہ کیون ہوتا ہے بیکل
ملی تجکو جہان مین کیا بھلائی
ہوئین باتین یہ سب حکم خدا سے
رہے اب جیسے الفت مین یکرنگ
دیا اسکے حوالے تخت فی الحال
کیا ہر ایک کو شفقت سے آباد
مگر اب دور آخر مین تامل

افسردن گلبرگ حیات نل و دمن از دست خزان اجل و نہفتہ زار شدن گلستان روزگار:-

چلی گلشن مین جب باد خزانی
گیا بلبل کا لطف زندگانی
ہوئی جور خزانی پر با و حرص
درختون کو کیا عریان سراسر

کیا غارت چمن کے کاروان کو
گئے گلزار سے سب لالہ و گل
گلونکے جو ورق تھے بوستان مین
چلی جو بزم پر بادِ پریشان
زبس اتر پڑا تھا سر بسر باغ
سمجھکر دہر کا آغاز و انجام
کہا رو رو کے اے لخت جگر اب
جہان آخر کو ہو جاویگا برباد
کہین اسطور کی باتین جو غمناک
پریشان شکل سنبل سان بنائے
ابھی مت چھوڑ تو الفت ہماری
کہا یون جانکنی مین ٹل ذرا دم
بھلا اب رویئے تقدیر پر کب
لکھے ہین حرف جو لوح جبین پر
یہ کہکر تخت سے پھر خاک پر آ
اگر میری نصیحت یاد رکھنا
رکھے کوتاہ ہاتھونکو ستم سے
غرض اسطور سے سمجھا کے اوسکو
کیا عشق حقیقی نے زبس ہوش
اگر تھا کچھ اونھو تیر پوست باقی
کہ ہوتا ہون جدا اے ماہ تجھسے
کرون کسطور سے دنیا کا مین ماتم
مری خاطر الم کیا کیا اوٹھائی
بچھوڑا ہی شعر و رغبت بیان کی
نہین ہے یہ طریق آشنائی

ملایا خاک مین پھر گلستان کو
چمن سے اوڑ گئی گھبرا کے بلبل
ہوی وہ منتشر ساری جہا مین
ہوا پھر خشک بالکل سنبلستان
نظر آئے بجائے بلبلان زاغ
ہوا دنیا کی سب مطلب سے بیکام
تجھے مین سونپتا ہون مال و زر سب
کہ ہے پانی کے اوپر اسکی بنیاد
ہوئین بیٹی کی آنکھین غمسی نمناک
شتابان باغ مین سب ملکے آئے
کریگا کون تجھ بن غمگساری
عبث کرتے ہو ای یار و مرا غم
مٹے دھو نیسے نقش کالحجر کب
نہین کوئی مٹا سکتا ہی دھوکر
کیا بیٹے کو اوسپر رونق افزا
جہان کو عدل سی آباد رکھنا
بڑہا وی ہر گھڑی لیکن کرم سے
گیا دہ وہ بار دنیا سے سبک ہو
ہوئی خواب و خورش ویسے فراموش
کہ تھی اوسکو ہوائے دوست باقی
تعلق چھوڑتا ہون آہ تجھسے
پڑا ہی کام اب تقدیر کے ہاتھ
سنان غم سے لاکھون زخم کھائے
مجھے پروانگی دیکر اوس جہانکی
کہ مین کھینچا کرون بار جدائی

چمن یون ہو گئی بی لالہ و گل
گئی بالکل چمن کی آبیاری
گئی برباد خوبی نارون کی
اسی موسم مین نل اکدن قضا کا
خزان سے دیکھکر گلشن کو ویران
وہین بس تخت سے دلکو اوٹھایا
مجھے اب کچھ نہین باقی ہوس ہی
مبارک ہو تجھے یہ تاج و افسر
ہوئی جب یہ خبر ہر مرد و زنکو
کہا ای آفتاب برج اقبال
رہے راغب جہانسے کچھ دنون اور
کہ یہ دنیا نہین جای بقا ہے
کرون کیا دوستو اوسکی رضا کو
سبھون کو یہ خبر ہی تلخ ہر چند
دعا دی اسطرح سے کا ہی نکو تخت
نکرنا ظلم سے عالم کو تاراج
نہ بھولے چار دنکی چاندنی پر
نکل بستی سے اک جنگل مین جاکر
عبادت مین گئے کچھ دن گذر اب
بلا کر ایک دن آخر دسن کو
نہین کچھ چیز کی مجکو رہی چاہ
بہت کچھ تو نے غمخواری ہی کی
مین اب کچھ دیر مین چلتا ہون بیشک
کہا در و دسن نے کا ہو وفادار
جدا ہو پاس سے جب یار جانی

کہ جون محفل کی اندر شمع ہو گل
جھکا صرصر سے سرو جوئباری
ہوئی سب گرد وہ رونق چمن کی
گیا سیر چمن کو سمت گلزار
رہا نرگس کی صورت غم سے حیران
اوسی جا اپنے بیٹے کو بلایا
مرے نزدیک دنیا خار و خس ہی
کہ ہے زیبا نہین اب تیرے سر پر
کہ گھیرا ہی خزان نے اس چمن کو
رہے تو رونق آرای مہ و سال
نہ ہو عالم کا جسمین طور بیطور
فنا ہے ایکدن آخر فنا ہے
نہین روکے سپر تیر قضا کو
دلے میرے لئے ہے شربت قند
رہے تجکو مبارک تاج اور تخت
کہ ہے ہر دم اسی سے رونق تاج
کہ جاتے ہین نہین سب دن برابر
رہا بس خاک پر دھونی رما کر
نکل آئے بدن پر استخوان سب
کہا اس نا امید نے سخن کو
تری الفت بہت ہی توشہ راہ
جہا مین خوب دلداری مری کی
مناسب ہے اگر تو کچھ دنون تک
مجھے دیتا ہے کیون اس غم سے آزار
گوارا ہو گئی پھر زندگانی

مجھے خوش ہو ترے ہمراہ چلنا — کہ پیچھے سے پڑے گا ہاتھ ملنا
جو بھولی ہوں طریق دوستداری — کرونگی میں ادا اب رسم یاری
نہ ہو ظاہر میں گر تجھسے ملاقات — رہوں باطن میں لیکن پاس ہر رات
بڑھایا مرتبہ میرا یہانتک — کہ پہونچایا ہے اوج آسمانتک
گئی بس روح اوسکی سوے افلاک — رہا تنہا زمین پر قالب خاک
لگائے جو طمانچے غم سے رخ پر — بنفشہ ہوگیا سارا گل تر
کہا قمری کی صورت کرکے فریاد — ہوا یہ سرو قد کیون مجھسے آزاد
نہین کچھ خبر اسکا غم مجھے ہے — کہ چلنے کا ابھی تک غم مجھے ہی
منگا کر تیشہ خونخوار کو جلد — لگی کرنے قلم گلزار کو جلد
اور اوپر صندلی تختہ بچھائے — برابر اک قرینے سے جمائے
پڑی تھی لاش عاشق کی جہانپر — گئی ہنستی ہوئی آخر وہان پر
وہانسے پھر اوٹھیں تختہ پہ لاکر — لیا زانو پہ رکھ سر کو اوٹھاکر
اوٹھا اوس غم سے باہر شور محشر — چلے پیر و جوان سب حال سنکر
دمن کے دل مین جو تھی عشق کی لاگ — بدن مین خود بخود بس لگ گئی آگ

نہین تجھ بن گرانی کچھ کرونگی — مین اپنا بار اپنے سر دھرونگی
کہا تجھسے ہے دوری میری مشکل — کہ مدت سے گیا ہے دلسے دل مل
تری صورت نے محلہ دائی من بر — کیا عاشق ہی کو تسمین معنوی پر
یہ کہکر گلبدن نے ہاتھ ململ — لباس عمر سے عریان ہوا دل
دمن یہ دیکھکر بس رو اوٹھی زار — پریشان کر دئے زلفونکے سب تار
اوٹھی جو آہ کی گرمی جگر سے — ہوئی خشکی نمایان لعل تر سے
ہوئی یہ کج ادائی اسمان سے — جدا محجور رکھا جو کار وانسے
یون ہین کچھ دیر تک کر اضطرابی — گئی پھر باغ مین اپنے شتابی
جدا کر ڈالیان پھولونکی اکبار — کیا ہاتھونسے اپنے خوب انبار
پہن پھر زیور و پوشاک رنگین — چلی خندان وہ رشک لعبت چین
گلاب و عطر سے پھر لاش نہلا — دیا رنگین کفن پھر اوسکو پہنا
ستی ہونیکا جو ہوتا ہے دستور — کیا اک اک بجا غم دل سے کر دور
ملین چارونطرف رو رو کے سب ہاتھ — کہ کیون یہ شمع جلتی ہے یہیات
لگی جلنے برنگ شمع کافور — دیکھایا مہر کا ہر ایک کو نور

زبس اوس سیمتن کو عشق تھا پاک — صنم کے ساتھ جلکر ہو گئی خاک
پلا ساقی شراب سرخ معقول — کہ دل جاے خوشی سے مثل گل پھول
کرو نہین شکر خالق کا ادا اب — ہوا جو سب درست آغاز و انجام
ہوئی جب مثنوی تیار یکسر — ہوے اس مثنوی کو سنکے جو شاد
عنایت کر او سیدم غور مین آ — کہا یہ داستان ہے راحت افزا
پڑھے اس مثنوی کو شوق سے جو — رہے یہ داستان عالم مین مشہور
کسیدن ساقیا وہ مے پلا دے — ہو ہین گنتی مین سولہ سے چھپر
١٢٧٥

در اختتام کتاب گوید

عدم سے جسنے کی خلقت عیان سب — کیا ہے اب یہ اوسکی فضل نے کام
بندھا تاریخ کا دل مین تصور — مرے ہین ایک مشفق کالی پرشاد

تاریخ

خدا یا رکھ ہمیشہ شاد اوسکو — فلک پر جب تلک ہے مہر کا نور
کہ پیچھے سے غماری پھر نہ لاوے — اگنی مینے جو بتین کہکے یکسر

خاتمۃ الطبع

الحمد للہ والمنۃ کہ کتاب مطبوع زمن مثنوی نلدمن اردو نظم مطبع عالیجناب منشی نولکشور صاحب سی آئی ای واقع شہر کانپور
ماہ دسمبر ۱۸۹۹ع مین آٹھوین مرتبہ چھپکر شائع ہوئی